مرکزی
میڈیا آفس

بسم الله الرحمن الرحيم

﴿ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴾

حزب التحرير
HIZB UT TAHRIR

1437 AH/033 | بدھ ، 27 رجب 1437ھ | 04/05/2016 CE

پریس ریلیز

مرکزی میڈیا آفس حزب التحریر شعبہ خواتین کی جانب سے خواتین کی بین الاقوامی کانفرنس:"مسلم نوجوان: اصل تبدیلی کے علمبردار"

ہفتہ ۷ مئی کو حزب التحریر مرکزی میڈیا آفس شعبہ خواتین ایک بین الاقوامی خواتین کانفرنس منعقد کرے گا جس کا عنوان، "مسلم نوجوان: اصل تبدیلی کے علمبردار" ہے، تاکہ دنیا بھر کے مسلم نوجوانوں کے اسلامی تشخص کو درپیش عالمی مسائل سے نمٹا جاسکے۔ یہ اہم ایونٹ اسی دن تین ممالک تیونس، انڈونیشیا اور یوکے میں منعقد ہوگا اور مسلم دنیا، ایشیا اور یورپ سے مقررین بات چیت میں حصہ لیں گے۔ سینکڑوں کی تعداد میں بااثر خواتین ان تین ممالک میں ہونے والے سیمینارز میں شرکت کریں گی، ان میں اساتذہ، سکالرز، نوجوان، یونیورسٹی کے طلباء، نوجوانوں کے سرگرم کارکن، سیاستدان، صحافی، کمیونٹی کے راہنما، تنظیموں کے نمائندے شامل ہیں۔ بین الاقوامی سامعین کے لیے کانفرنس تین زبانوں عربی، انگریزی اور انڈونیشین زبان میں براہِ راست نشر کی جائے گی۔ یہ کانفرنس ایک ایسے موضوع پر بھرپور طریقے سے تین ہفتہ تک جاری رہنے والی عالمی مہم کا نقطہ عروج ہوگی، جس نے دنیا بھر سے بھرپور حمایت حاصل کی۔ کانفرنس میں جن موضوعات پر بات چیت ہوگی وہ یہ ہیں: سیکولر حکومتوں کی طرف سے عالمی حکمتِ عملی کی تقلید کرنا اور بین الاقوامی تنظیموں کی طرف سے مسلم نوجوانوں کو سیکولر لبرل طرزِ زندگی سے متاثر کرنے کی کاوشیں؛ نصابِ تعلیم اور اسکولوں کے ماحول کو سیکولر بنانا؛ بچوں کی درست اسلامی شخصیت کی تعمیر کا طریقہ؛ سوشل ویب میڈیا اور سیلیبرٹی کلچر کے مسلم نوجوانوں پر ہونے والے اثرات اور اس کے منفی اثر کا مقابلہ کیسے کیا جائے؛ شناخت کے بحران سے دوچار بہت سے نوجوانوں کے مسائل کا حل؛ اور مسلم نوجوانوں کی ایسی تعمیر کہ وہ اصل تبدیلی کے علمبردار بن جائیں جو مسلم امت اور انشاء اللہ ساری دنیا کے لیے ایک بہتر مستقبل بنا سکیں۔ کانفرنس میں ایسی گفتگو بھی ہوگی جو مغرب میں علاقائی طور پر نوجوانوں کو درپیش مسائل اور چیلنجوں سے متعلق ہوگی۔ مسلم دنیا اور ایشیا سے بھی شرکاء کی طرف سے بیانات شامل ہونگے، جن میں اساتذہ، مائیں اور نوجوان مسلم جوانوں کو درپیش مسائل سے متعلق ان ذاتی تجربات جن کو انہوں نے اپنے معاشروں میں دیکھا، انہیں بیان اور ان سے نمٹے پر روشنی ڈالیں گے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ بین الاقوامی سیکولر تنظیموں اور مغربی حکومتوں اور مسلم دنیا میں موجود غیر اسلامی حکومتوں کی مدد کے ساتھ ساتھ ایک شدید قسم کی عالمی نظریاتی مہم جاری ہے، جس کا مقصد مسلم نوجوانوں کے افکار اور شخصیات کو سیکولر کرنا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے خوف کے حربے استعمال کیے جاتے ہیں تاکہ وہ مخصوص اسلامی عقائد اور طریقوں، جن میں امت اور دین سے متعلق ان کی تشویش کا اظہار شامل ہے، کو چھوڑ دیں، کیونکہ ان جذبات کو انتہاپسندی اور دہشت گردی کے ساتھ جوڑ دیا جاتا ہے۔

اس مہم میں بہت سے طریقے استعمال کیے جاتے ہیں جن میں دنیا بھر کی سیکولر ریاستوں کی طرف سے انسدادِ بنیاد پرستی کے جھنڈے تلے انتہائی حد تک ڈی اسلامیسائزیشن پروگرام مسلم بچوں پر مسلط کیے گئے ہیں، ساتھ ہی ساتھ وسیع کوششیں ہیں کہ مسلم دنیا کے اسکولوں، مدرسوں اور یونیورسٹیوں میں تعلیمی نصاب کو سیکولر کر دیا جائے۔ مزید برآں جب ہم اپنے علاقوں میں خلافت کی غیر موجودگی اور ایک امت کے طور پر اسلام کے قوانین اور اس کے نظام کے نفاذ کے حوالے سے مطمئن ہوں گئے تو اس سے ہمارے معاشروں میں غیر اسلامی خیالات گھس آئیں گے۔ اس نے یہ ممکن کر دیا کہ مسلم دنیا کے اندر لبرل میڈیا کو تیزی سے پھیلایا جائے، جس نے لبرل طرزِ زندگی کو خوبصورت اور ساتھ ساتھ اسلام کے عقائد اور قوانین کو برا کر کے دکھایا۔ یہ بہت سے مسلم نوجوانوں کی سوچ، خواہشات، تمناؤں اور وفاداریوں کو مغربیت کی طرف لے گیا، اور ان کو ان سب مسائل کا شکار بنا دیا جو کہ مغرب کے جوانوں کو لاحق تھے، ساتھ ساتھ انہیں دین سے بھی دور لے گئے۔

اس لیے یہ کانفرنس اس اہم مسئلہ کو موضوع بنائے گی اور ہمارے بچوں کی شناخت کے خلاف ان بین الاقوامی چالوں سے نمٹنے کے متعلق راہنمائی فراہم کرے گی۔ یہ ایک ایسا واضح راستہ بھی پیش کرے گی جس سے پتا چلے کہ اپنے اسلامی عقائد سے متعلق پراعتماد نوجوان نسل کیسے تیار کی جائے، جو اپنے دین کے خلاف حملوں سے بچاؤ کے طریقے جانتے ہوں، اور طاقت رکھتے ہوں کہ اصل تبدیلی کے علمبردار بن سکیں، اور اسلام کے انصاف اور نور کے ذریعے انسانیت کا بہتر مستقبل تعمیر کریں۔

سیمینارز کا آغاز ایسے ہوگا: صبح گیارہ بجے یوکے؛ صبح گیارہ بجے تیونس؛ صبح نو بجے انڈونیشیا۔ انڈونیشیا کے سیمینار میں ایک پریس کانفرنس مقامی وقت کے مطابق دوپہر بارہ بجے یودھسترا ہال، جوگجا ایکسپو سینٹر، جلان رایا جنتی، 55281 یوگیاکارتا میں ہوگی۔ کانفرنس سے متعلق مزید معلومات اور پریس سے متعلق تفصیلات کے لیے رابطہ ws-cmo@hizb-ut-tahrir.info

شمولیت کی اجازت صرف خواتین کو ہوگی

مہم کا صفحہ www.facebook.com/womenandShariah

براہِ راست نشریات کا لنک https://www.youtube.com/watch?v=YRU73rU0GA8

مہم کا وڈیو لنک https://youtu.be/B4ZqNCJpftM. -

ڈاکٹر نظرین نواز

مرکزی میڈیا آفس حزب التحریر شعبہ خواتین کی ڈائریکٹر

ٹیلیفون/فیکس: 009611307594 موبائل: 0096171724043
ای میل: ws-cmo@hizb-ut-tahrir.info
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info